وسخر لکم الیل والنہار والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ

نقشِ سلیمانی

معروف بہ

تعویذاتِ سلیمانی

حصہ سوم

مصنفہ عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

باہتمام علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹیڈ تاجرانِ کتب ومالکانِ

مطبع محمدی گنپاؤڈر روڈ مجگاؤں ممبئی ۱۰

نمبر ۳۷۳ ابراہیم رحمت اللہ روڈ ممبئی ۳

فہرست ابواب نقشِ سلیمانی حصہ سوم ۳

نقشِ سلیمانی

حصہ سوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی نور بصائر العارفین بانوار المعرفۃ والیقین وافتح اقفال القلوب للموحدین بمفاتیح التوحید وافتح المبین والصلوۃ والسلام علیٰ محمد سید الذاکرین وامام العابدین وعلیٰ الہ الطیبین الطاہرین واصحابہ الذین ہم ظہیر الاسلام والمسلمین ومن اتبعھم الیٰ یوم الدین ۔ بعد حمد وثنا کے کہتا ہے ۔ اقل الخلیقۃ بل لاشی فی الحقیقۃ ابوسلیمان **ظہیر الدین احمد محمد اشرف علی** لکھنوی خصہ اللہ بلطفہ الخفی والجلی کہ ان دنوں مشتاقان عملیات اور بعض اخوان دینی کے خواص و آثار حروف مقطعات قرآنی وسورہ وآیات فرقانی واسمائے حسنیٰ ربانی وتصریفات دعوات وتعویذات مفید اہل حاجات کو کتب معتبرہ ومتداولہ ورسائل معتمد علیہا موثوق بہا اس علم سے مثل شمس المعارف علامہ بونی ومجربات علامہ دیربی وحرز الامان علام صیغی ودر النظیم علامہ یافعی ودستور القلوب وتحفۃ العاشقین وغیرہ سے استنباط کرکے یہ عجالہ نافعہ تالیف ہوا ہے ۔ حتی الوسع روایات صحیحہ واعمال مجربہ کے لکھنے میں کوشش کی ہے مقصود دلی فائدہ رسانی کافہ انام خواص وعوام ہے مجیب الدعوات سے بحضور قلب وتضرع التجا ہے کہ یہ رسالہ مقبول انام بسبب فتح خلائق وفائدہ طالبوں کے حق ہو یہ حصہ سرمایہ حصول مرادات دینی واخروی پیرایہ سعادت صوری ومعنوی ہو جو کوئی صدق ویقین کامل سے مطالعہ کرے حظ وافر پائے ۔ ناظرین رسالہ ہذا سے التماس ہے کہ جہاں کہیں سہو وخطا پائیں تصحیح واصلاح سے دریغ نہ فرمائیں ۔ ان اللہ لایضیع اجر المحسنین ۔ اور نام اس کا **تعویذات سلیمانی** ہے ۔ یہ مختصر ایک مقدمہ اور پانچ باب اور ایک خاتمہ پر مبنی ہے ۔

مقدمہ:- جاننا چاہیے کہ شرف ہر ایک علم کا یا باعتبار شرف اسکے موضوع کے ہوتا ہے یا باعتبار غایت کے۔ پس موضوع اس علم کا اسمائے الٰہیہ ہیں اور انکی دو قسمیں ہیں۔ جمالی اور جلالی اور غایت اس علم کی یہ ہے کہ آدمی اس علم کے حاصل ہونے سے ملکی صفات ہوجاتا ہے روحانیات سے ملاقات ہوتی ہے کیونکہ شروط اعمال کے یہ ہیں۔ اکل حلال۔ صدق مقال۔ خلقت سے عزلت کم کھانا۔ کم بولنا۔ کبر وحسد سے دل کو صاف رکھنا صبر وقناعت۔ تسلیم ورضا۔ دائم الصوم قائم اللیل۔ ترک غیبت وتمامی تنبیہ نفس۔ ترک لذت اور جو شرائط داخل علم اخلاق ہیں ان کو ملحوظ رکھنا۔ اس صورت میں شرف غایت اس علم کا اجل البدیہیات سے ہوا۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آل اطہار واصحاب کو دعائیں اور تعویذ اور رقیا ارشاد فرمائیں اور بزرگان دین نے باتباع سنت نبوی اپنے اپنے مریدوں کو تعلیم فرمائی ہے۔ یہ علم اجل العلوم اور سائر علوم سے الطف ہے انھیں اسمائے پاک کی برکت سے انسان اشرف المخلوقات ہوا ہے۔ العیان لایحتاج الی البیان۔ **باب اوّل** امور عامہ میں۔ ان امورات کی رعایت جملہ اعمال خیر وشر میں ضرور ہے شامل اور آٹھ فصلوں کے۔ **فصل اوّل۔** طلب استاد وحصول اجازت میں **فصل دوم** اکل حلال وصدق مقال وتقلیل طعام وتکثیر صوم ودینی صدقہ کے بیان میں۔ **فصل سوم** ترک حیوانات جلالی وجمالی میں۔ **فصل چہادم** طہارت بدن وپاکی لباس ومکان میں **فصل پنجم** اوقات اجازت دعا وساعات سعید میں۔ **فصل ششم** گوشہ نشینی میں **فصل ہفتم** اعمال کی تاثیر ظاہر ہونے پر صبر کرنا اور عمل کا ترک نہ کرنا **فصل ہشتم** شروع وختم عمل پر درود پڑھنا۔ **باب دوم** خواص ومنافع سورت ہائے قرآن مجید میں۔ شامل اوپر سات فصلوں کے **فصل اول** منافع سورت ہائے منزل کرنے قرآن مجید میں۔ **فصل دوم** خواص سورت ہائے منزل دوم قرآن مجید میں۔ **فصل سوم** خواص سورت ہائے منزل سوم قرآن مجید میں۔ **فصل چہادم** خواص سورت ہائے منزل چہارم قرآن مجید میں **فصل پنجم۔** خواص سورت ہائے منزل ششم قرآن مجید میں **فصل ہفتم** خواص سورتہائے منزل ہفتم قرآن مجید میں۔ **باب سوم** خواص مقطعات قرآنی وخواص اسم اعظم واشکال سبعہ میں شامل اوپر پندرہ فصلوں کے۔ **فصل اول** خواص حروف مقطعات قرآنی میں۔ **فصل دویم** خواص الٓمٓ میں **فصل سویم** خواص المٓصٓ میں **فصل چہادم** خواص الٓمٓرٰ میں۔ **فصل پنجم۔** خواص کٓہٰیٰعٓصٓ میں۔ **فصل ششم** خواص طٰہٰ میں۔ **فصل ہفتم۔** خواص طٰسٓمٓ میں۔

فصل ھشتم. خواص طٰسٓ میں. فصل نہم خواص یٰسین میں. فصل دہم خواص صٓ میں
فصل یازدھم خواص حٰمٓ میں فصل دوازدھم خواص قٓ میں فصل سیزدھم خواص نٓ
میں فصل چھاردھم اسم اعظم کے بیان میں فصل پانژدھم خواص اشکال سبعہ میں.
باب چھارم عملیات وتعویذات برآمد حاجات وتوسیع رزق ودفع شر اشرار واطفائے غضب حاکمان
وسلامتی جان وبازگشت مفرور وشناخت سارق ورہائی محبوس ودفع نظر بد وآسیب وسحر میں شامل اور
دس فصلوں کے فصل اول عملیات وتعویذات حل مشکلات وبرآمد حاجات میں فصل دویم
توسیع رزق وحصول نعمت وجاہ میں فصل سویم ظالموں اور دشمنوں کے شر دفع کرنے میں
فصل چھارم حاکموں کے غصہ دفع کرنے میں فصل پنجم تسخیر میں فصل ششم
سلامتی جان وحفظ اموال میں فصل ھفتم بازگشت مفرور میں فصل ھشتم سارق کی
شناخت میں فصل نہم رہائی محبوس میں فصل دھم نظر بد ودفع آسیب وابطال سحر میں.
باب پنجم عملیات وتعویذات شفائے امراض میں شامل اور انیس فصلوں کے اور ایک خاتمہ
کے فصل اول شفائے امراض میں فصل دویم درد سر میں فصل سویم صرع میں فصل
چھارم آشوب چشم میں فصل پنجم درد گوش، درد گلو وکھانسی میں فصل ششم
دانتوں کے درد کے دفع ہونے میں فصل ھفتم درد دل، درد جگر، درد معدہ، خفقان
قولنج، درد ناف، درد شکم، پیچش، اسہال وطحال کے دفع ہونے میں. فصل ھشتم بخار وتپ
کہنہ میں فصل نہم پھوڑے دنبل اور چیچک اور داد کے دفع ہونے میں فصل دھم یرقان میں فصل
یازدھم لقوہ وفالج عرق النسا ونقرس کے دفع ہونے میں فصل دوازدھم رعشہ وبرص
وجذام میں فصل سیزدھم حمل رہنے اور حفظ جنین میں فصل چھاردھم دردزہ کے دفع
ہونے اور لڑکے کے باآسانی پیدا ہونے میں فصل پانژدھم جموگہ میں فصل شانزدھم
گریۂ اطفال وبچوں کے دانت آسانی سے نکلنے میں فصل ھفت دھم افزونی شیر میں فصل
ھشت دھم دفع نسیان وزیادتی حافظہ وفہم میں فصل نوزدھم دفع ہونے بواسیر وخاتمہ متفرقات میں.

باب اول امور عامہ میں. امورات کی رعایت جملہ اعمال خیر وشر میں ضرور ہے

فصل اول. طلب استاد اور حصول اجازت میں بقول شاعر مصرعہ: قسمت استاد باید وانگہے کار. ہر علم
اور ہر فن میں استاد کی ضرورت ہے بغیر استاد کے ہرگز مبتدی بہرہ یاب نہیں ہے تا خصوصاً اس علم شریف

میں تو واجب ہے کہ جب اسے سیکھنے کا قصد کرے اوّل کسی استاد کامل سے طریقے اعمال کے سیکھے اور اجازت حاصل کرے جسطرح سے مرشد ارشاد فرمائے اسیطرح سے کرے ذرا فرق نہ ہو اور یہ یقین رکھے کہ جو مرشد نے فرمایا ہے صحیح ہے اور دل میں شک نہ لاوے اسکو برحق سمجھے تب ضرور فائدہ کاملہ اور نتیجہ تامہ مترتب ہوگا اور محنت برباد نہ ہوگی اور اگر بے اجازت و تلقین صاحب عمل کے کوئی عمل کیا باوجودیکہ سب شرائط ادا کئے لیکن کچھ فائدہ نہ ہوگا اسی سبب سے ناواقف عمل پڑھ کر رجعت میں گرفتار ہوجاتے ہیں دیوانوں کی طرح کوچہ بکوچہ مارے مارے پھرتے ہیں پھر کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا۔

فصل ۲۔ اکل حلال و صدق مقال و تقلیل طعام و تکثیر صوم و دینے صدقہ میں۔ حدیث میں وارد ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پاک کرو کھانا اپنا تاکہ دعا تمہاری قبول ہو۔ لکھا ہے کہ اگر ایک لقمہ روزی حرام سے کسی کے پیٹ میں جاتا ہے تو چالیس روز تک اسکی دعا قبول نہیں ہوتی اور قلب میں کدورت آجاتی ہے۔ اور اکابر دین فرماتے ہیں کہ شاغل کو واجب ہے کہ جبتک پڑھے سُستی پیدا ہوتی ہے اور نیند غالب ہوتی ہے جب نیند غالب ہوگی تو خشوع اور خضوع کہاں رہیگا محنت بھی برباد ہوگی اور جھوٹ بولنے سے بھی پرہیز کرے جو کوئی جھوٹ بولتا ہے اسکی زبان کی تاثیر جاتی رہتی ہے اور روزہ رکھنا بھی ضرور ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ دعا روزہ دار کی رد نہیں ہوتی اور قبل شروع عمل کے صدقہ دینا بہتر ہے اور اسکو انجام مرام میں اثر کلی ہے اسواسطے کہ خوش ہونا محتاجوں کا باعث خوشنودی حق تعالیٰ ہے اور رحمت الٰہی جوش کرتی ہے اور صدقہ دینے والا اللہ کا پیارا ہوجاتا ہے اور اُنکے فوائد بڑی بڑی کتابوں میں بہت لکھے ہیں۔ اس مختصر میں گنجائش طول کی نہیں۔

فصل ۳۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی مکروہات میں۔ قبل شروع عمل کے ترک کرنا حیوانات جلالی و جمالی کا بھی ضروری ہے۔ جلالی یہ ہیں جیسے گوشت، مچھلی، انڈا، عسل، مشک وچرنہ سیپ کا۔ جمالی یہ ہیں۔ روغن زرد۔ دودھ۔ دہی وغیرہ اور مکروہات یہ ہیں جیسے لہسن و پیاز۔ گندنا یا جو چیز بدبودار ہو اور ڈکار بھی بدبودار اُس کی آوے اس واسطے کہ ملائکہ کو اس سے نہایت نفرت ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو چیز بدبودار کھاوے ہماری مسجد میں حاضر نہ ہوئے کہ اس کی بُو سے ملائکہ کو اذیت ہوتی ہے۔ جب کوئی شخص عمل پڑھنے بیٹھتا ہے تو موکل اس کے حاضر ہوتے ہیں اگر اسکے مُنھ سے پڑھنے کے وقت بدبو نکلے گی تو موکل نہایت پریشان ہوکر بددعا کریں گے عوض فائدے کے نقصان ہوگا۔

فصل ۴۔ طہارت بدن و پاکی لباس و مکان میں۔ عامل کو چاہئے کہ ہمیشہ پاک و صاف رہے

c 2

c 3

c 4

عمل پڑھے یا تعویذ لکھے غسل کرے یا وضو۔ بغیر اسکے بھی عمل کا پڑھنا شروع نہ کرے اور ہمیشہ خیال رکھے
کہ کپڑا پاک و ستھرا ہووے۔ ستھرائی کپڑے کی باطن کو ستھرائی دیتی ہے اور جس مکان میں بیٹھے نہایت
صاف اور عوام الناس کا گذرگاہ نہ ہو اور خوشبو سے مہکار ہے اور اگر زمین پر بے بوریے وغیرہ کے
بیٹھے تو بہتر ہے اسواسطے کہ اس سے عاجزی ثابت ہوتی ہے اور عاجزی اللہ تعالی کو پسند ہے اور خلوتخانہ
اگر تاریک ہو تو بہتر ہے۔ **فصل ۵۔ اوقات اجابت دعائے سعید میں**:۔ صحیح حدیثوں میں وارد ہے کہ
ان وقتوں میں دعا قبول ہوتی ہے۔ وقت سحر ہنگام طلوع فجر و طلوع آفتاب و وقت نزول باراں
اور منجمین نے ساعت سعد و نحس اور نظرات سیارات و شرف و ہبوط اور وبال اختیار کیا ہے مثل ساعت
قمر میں تعویذ محبت لکھے اور ساعت زحل میں تعویذات عداوت جب عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا منظور
ہو تو ان اوقات کا خیال رکھے اور دیکھے کہ اسوقت کس ستارے کی ساعت ہے اور اسکی کیا تاثیر ہے
تفسیر اسکی نقش سلیمانی حصّہ اول میں فقیر نے لکھی ہے۔ **فصل ۶۔ گوشہ نشینی میں**۔ عامل کو چاہئے
کہ جب عمل پڑھنے کا قصد کرے۔ اول گوشہ نشینی اختیار کرے اور عوام عورتوں اور لڑکوں سے
احتیاط کرے کہ صحبت کا اثر ہوتا ہے اور انکے اختلاط سے باطن میں تاریکی پیدا ہوتی ہے
اور قلب متوجہ برائے اللہ نہیں ہوتا اور منافع اس کے صاحب احیاء العلوم نے بہت لکھے ہیں
اس مختصر میں گنجائش نہیں جسکو دیکھنا ہو کتب تصوف کی سیر کرے اور عمل پڑھتے وقت روبقبلہ ہو
اور نہایت ادب اور وقار سے بیٹھے اور صاحب ترجمہ عوارف نے لکھا ہے کہ صاحب خلوت ہمیشہ
حالت جلوس میں مثل قعود کے بیٹھے یعنی جس طرح نماز میں بیٹھ کر التحیات پڑھتے ہیں اور یہ اسم الہی
یا فرمان بادشاہ حقیقی کو پڑھتا ہے مثلاً اسم شریف یَا وَهَّابُ یَا بَاسِطُ وغیرہ کی زکوۃ دیتا ہے یہ خیال
کرے کہ نام نامی ہمارے اَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ کا ہے اسکی تعظیم و تکریم ہمارے اوپر واجب ہے مثلاً کسی آیت
قرآنی کی زکوۃ دیتا ہے گویا کہ فرمان بادشاہ حقیقی کو پڑھتا ہے اس کے کلام کا احترام اور ادب
ضرور ہے اور نہایت مقام افتخار ہے کہ ایسا کلام پاک ہمارے منھ سے نکلتا ہے اور حضور قلب سے
پڑھے اُمید بہبودی کی رکھے۔ **فصل ۷۔ اعمال کی تاثیر ظاہر نہ ہونے پر صبر کرنا اور عمل کا ترک
نہ کرنا**۔ عامل کو چاہئے کہ جب عمل کی تھوڑی تاثیر ظاہر ہو عمل کو نہ چھوڑے برابر پڑھتا رہے یا مطلقاً
اثر ظاہر نہ ہو تب بھی ترک نہ کرے اور مایوس نہ ہو اور یہ خیال نہ کرے کہ اتنے دنوں تک پڑھا
لیکن کچھ اثر نہ ہوا۔ اب چھوڑ دو کاہے کو اوقات ضائع کرو۔ اکثر ایسا ہوتا ہے بے احتیاطی یا کسی
امر کے فروگذاشت ہونے کے سبب سے عمل میں نقصان آجاتا ہے جبتک پوری پوری سب

شرطیں ادا نہ ہوں کچھ اثر ظاہر نہیں ہوتا۔ مگر یہ محنت بھی رائگاں نہ ہوگی بلکہ تاثیر عمل میں قوت زیادہ ہوگی۔ عامل کو لازم ہے کہ ثابت قدم رہے۔ اگر ایک چلہ میں فائدہ مرتب ہو بہتر ہے ورنہ دوسرا چلہ شروع کرے اسی طرح سے جبتک اثر ظاہر نہ ہو پڑھا کرے اور دل میں یقین کرے کہ میں ضرور فائز المرام ہونگا۔ اور ہرگز مشوش نہ ہو۔ فصل ۵۔ شروع و ختم پر درود شریف پڑھنا جب عامل عمل پڑھے یا تعویذ لکھے تو ضرور ہے کہ اول و آخر بعدد طاق درود شریف پڑھے منقول ہے کہ دعا بندے کی قبول نہیں ہوتی ہے جبتک درود نہ پڑھے اور حضرت سلیمان دارانی نے مشائخ کبار سے نقل کیا ہے کہ اللہ تعالےٰ سے جب سوال کرے تو چاہئے کہ ابتدا درود سے کرے اور ختم درود پر کرے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ درود کو ضرور ہی قبول فرماتا ہے۔ بمقتضائے کرم الٰہی یہ نہیں ہے کہ اول و آخر کو قبول کرے اور بیچ کو چھوڑ دے تو ضرور ہوا کہ دعائے عبادت کو بھی قبول فرمائیگا

باب ۲ خواص و منافع سورتوں قرآن مجید میں شامل ویر چھ فصلوں کے

فصل اوّل۔ خواص اور منافع بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ و سورۂ بقرہ و سورۂ آل عمران و سورۂ نساء میں مروایت ہے کہ جب بسم اللہ شریف نازل ہوئی تو اسکی ہیبت سے پہاڑ تھرا گیا۔ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ جو کوئی چاہے انیس۱۹ فرشتوں کے عذاب سے جو دوزخ پر مؤکل ہیں نجات ملے وہ بسم اللہ پڑھا کرے اسلئے کہ انیس۱۹ حروف بسم اللہ کے ہیں۔ برکت ہر حرف کے ایک مؤکل سے نجات ملے گی۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ جب بسم اللہ حضرت آدمؑ پر نازل ہوئی تو ابر آسمان سے مشرق کی طرف بھاگا۔ اور ہوائے تند ساکت ہوگئی اور دریا بہنے سے بند ہوگیا۔ اور جانور سرکش فرمانبردار ہوگئے۔ اور شیاطین کو آسمان سے نکال دیا اور فرمایا حق تعالیٰ نے قسم ہے مجھے اپنی عزت اور جلال کی جو کوئی خلوص نیت سے جس بیمار پر میرا نام لے گا۔ شفا دوں گا اور جو کوئی جس چیز پر میرا نام لیوے گا برکت دوں گا۔ علماء فرماتے ہیں کہ جب کوئی مشکل پیش آوے تو بسم اللہ کو بطہارت کامل ۷۸۶ بار سات دن تک پڑھے مشکلیں آسان ہوں گی اور حاجتیں برآویں گی اور جو بسم اللہ کو بعد نماز صبح کے ایک ہزار پانچ سو مرتبہ مطلب کیواسطے پڑھے وہ برآوے۔ واسطے کشایش روزی کے بسم اللہ کو لب دریا بعد نماز صبح بارہ ہزار بار اور بعد نماز مغرب کے بارہ ہزار بار پڑھے اور قبل پڑھنے کے ترک حیوانات ضرور ہے۔ واسطے رضامندی حکام اور حصول دولت و منصب و عزت کے پنجشنبہ کو روزہ رکھے اور چھوارے سے روزہ

افطار کرے اور نماز مغرب پڑھ کر بسم اللہ کو ایک سو اکیس بار پڑھے۔ اسکے بعد عشا کی نماز پڑھ کر سونے کی نیت سے لیٹے اور نیت روزے کی کرے۔ بسم اللہ پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو رہے۔ جب صبح ہوا ور روز جمعہ ہووے نماز صبح پڑھ کر پھر بسم اللہ کو ایک سو اکیس بار پڑھے اور اسطرح ہی بسم اللہ کو زعفران اور گلاب و عنبر سے لکھے ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م جو کوئی مرد یا عورت اس عمل کو کریگا لوگوں کی نظروں میں مثل چودھویں رات کے چاند کے ہوگا اور اس کا وقار سب کے دلوں میں ہوگا۔ **ایضاً**۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جو کوئی بسم اللہ کو کاغذ پر ایک سو ایک بار لکھ کر اپنے کھیت یا باغ میں دفن کرے تو وہ کھیت اور باغ ہرا بھرا رہے گا اور غلّہ اور پھل پھول بہت پیدا ہوگا۔ اگر الرحمٰن کو کاغذ پر پانچ سو بار لکھے اور ایک سو پچاس بار بسم اللہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو اپنے پاس رکھے خلائق کی نظروں میں صاحب وقار اور صاحب عزت رہیگا اور حاکم وقت اس کی کمال توقیر کرے گا اور جمیع بلیات سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی کلمہ متبرکہ الرّحیم کو ایک سو نوے بار کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا بشرط احتیاط معرکۂ جنگ میں گولی اور تلوار کے زخم سے بچا رہیگا۔ **ایضاً** جب کوئی کسی حاکم ظالم کے سامنے جاوے تو بسم اللہ کو پچاس مرتبہ پڑھ کر حاکم ظالم پر دم کرے ظالم رحمدل ہو جائے گا۔ اور اس کی محبت اس کے دل میں پیدا ہوگی اور اس کی از حد خاطر داری کرے گا۔ **ایضاً**۔ جب کوئی شخص حاکم جابر کے سامنے جاوے تو کلمہ کی انگلی سے بسم اللہ کو اپنی پیشانی پر لکھے حاکم کمال خاطر سے پیش آوے گا۔

ایضاً۔ جس شخص کے پاس یہ نقش بسم اللہ کا ہوگا۔ اس کا دشمن سرنگوں رہے گا۔ نقش یہ ہے..............

۷۸۶

۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۷۵

خواص سورۂ فاتحہ۔ یہ سورۃ بڑی عظیم الشان ہے اس کے خواص اور منافع بے شمار ہیں۔ چنانچہ فرمایا حضرت سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی سوتے وقت الحمد کو معہ سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھا کرے سوائے موت کے ہر چیز سے امن میں رہیگا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اُمّ قرآن شفا ہے ہر درد اور بیماری کیلئے۔ علماء فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص بیمار ہو تو اس پر ہاتھ رکھ کر سورۂ فاتحہ پڑھے اور سات بار یہ دعا بھی پڑھے اللّٰہم اذھب منی سوء ما اجد وفحشہ بدعوۃ الملیک المبارک کلھین عندک۔ بیمار صحت

پاویگا۔ ایضاً جو کوئی اس دائرہ شریف کو لکھے اور عود وغیرہ و خوشبودار چیز کی دھونی دیکر بالطہارت آپ اپنے پاس رکھے اسکی سب مشکلیں آسان ہونگی۔ اور خلائق کے دلوں میں ہیبت ہوگی وہ دائرہ یہ ہے۔

ایضاً جب کوئی حاجت پیش آوے تو غسل کرے اور طاہر کپڑے پہنے اور بدن میں خوشبو ملے پھر مصلے پر بیٹھ کر آیۃ الکرسی و آمن الرسول و چار قل ہر ایک تین تین بار پڑھے اور اپنے بدن پر دم کرے اور فاتحہ دیکر سورۂ فاتحہ کو اسطرح پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین روز یکشنبہ ۵۸۲ بار الرحمٰن الرحیم روز دوشنبہ ۶۱۸ بار مالک یوم الدین روز سہ شنبہ ۲۴۲ بار ایاک نعبد و ایاک نستعین روز چہارشنبہ ۲۳۶ بار اھدنا الصراط المستقیم روز پنجشنبہ ۱۰۷۳ بار صراط الذین انعمت علیہم روز جمعہ ۷۰۸ بار غیر المغضوب علیہم ولا الضالین آمین۔ روز شنبہ ۱۳۰۴ بار پڑھے سات روز میں مراد بر آئیگی اور فوائد سورۂ فاتحہ سے واسطے تسخیر کے یہ ہے حروف اسم مطلوب اور حروف ناریہ کو باہم امتزاج کرے اور

حروف ناری یہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ۔ اور طریقہ امتزاج کا یہ ہے کہ اول حروف ناریہ کا لیوے پھر ایک حرف اسم مطلوب کا مگر حرف ناریہ کا ہو اور اسی طرح ایک حرف ناریہ اور ایک حرف اسم مطلوب اور ضرور ہے کہ ابتدا حرف ناریہ سے ہو اور انتہا حرف ناریہ پر ہو اور ان حرفوں کو اکیس پرچوں کاغذ پر لکھے اور ہر پرچہ میں ایک کنکر باندھ کر تھوڑی اسپند میں تر رکھ کر ان پرچوں کو آگ پر چھوڑ دے اور اسپر فاتحہ پڑھنا شروع کرے یہاں تک کہ دھواں موقوف ہو جائے۔ پھر ان کلمات کو پڑھے توکلوا یا خدام الاحرف الناریہ بقضائے حاجتی من فلان والقاء محبتی و مودتی و محبۃ فلان فی قلبہ بحق ما تلوت علیکم اور در النظیم میں لکھا ہے کہ فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی سوتے وقت سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی ان ربکم اللہ المحسنین تک سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ دو فرشتے مقرر کرتا ہے کہ میرے اس بندے کی رات بھر حفاظت کرو اور اگر اسی رات کو مر جاتا ہے تو بخشا جاتا ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی شخص سورۂ فاتحہ کا جس مہم کیواسطے یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ آسان ہو گی یا جس مریض کیلئے لکھے گا شفا پاویگا۔ نقش یہ ہے ....

34 ۷۸۶

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۳۵
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۳	۲۳۶۶
۲۳۵۵	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۹۵	۲۳۶۱	۲۳۶۰	۲۳۷۱

خواص سورۂ بقرہ:۔ جو کوئی سورۂ بقر کو سات بار روز پڑھا کرے وہ مرض صرع اور جنون اور جذام اور برص اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہیگا۔ جو کوئی شخص آیۃ الکرسی تیرہ مرتبہ پڑھیگا سب حاجتیں بر آوینگی اور حاکم جابر مہربان ہو گا اور اگر مصروع پر گیارہ بار پڑھے صرع دور ہو جائے اور اگر سورۂ بقر کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے ......

[illegible]	۲۳۰۹۰۵	۲۳۰۶۹۰	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

خواص سورۂ آل عمران:۔ جب کوئی شخص قرضدار ہو جاوے تو تیرہ بار ہر روز سورۂ آل عمران پڑھا کرے قرضہ سے سبکدوش ہو گا جو کوئی الم اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم سے وانزل الفرقان تک کاغذ پر مشک و زعفران اور گلاب سے لکھے اور نرکل میں رکھے مگر نرکل قبل طلوع آفتاب کے کٹا ہو اور موم سے بند کر کے لڑکے کے گلے میں ڈالے ام الصبیان سے لڑکا محفوظ رہے گا اور جو کوئی ہرن کی جھلی پر لکھ کر انگوٹھی کے نگینے کے نیچے رکھ کر پہنے گا مفلس دولت مند ہو جائے گا۔ اور مال بہت آوے گا۔ اور جو شخص آیہ قل اللھم مالک الملک کو پڑھا کرے گا حق تعالیٰ اسکو روزی حلال دے گا اور حاکم

پڑھے ملک اس کا زیادہ ہوگا۔ اور اس سورہ کا نقش اپنے پاس رکھے گا وہ بھی کبھی محتاج نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

٧٨٦		
٦١٦٥٢	٦١٦٤٨	٦١٦٥٥
٦١٦٥٤	٦١٦٥٢	٦١٦٥٠
٦١٦٤٩	٦١٦٥٦	٦١٦٥١

خواص سورۂ نساء:۔ جو عورت فاحشہ ہو یا زوج یا زوجہ میں ناموافقت ہو اس سورہ کو پانی پر سات بار دم کرے اور عورت کو پلاوے پارسا ہو جاوے اور اگر مرد عورت کو پلاوے باہم موافقت ہو جاوے اور اگر زعفران اور گلاب سے لکھ کر دھو کے پلاوے خفقان دور ہو جاویگا اور جو کوئی اسکا نقش اپنے پاس رکھے گا جمیع مکروہات دنیاوی سے محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے۔ ۔ ۔

٧٨٦			
٢٨٢٨١٢	٢٨٢٨٢٢	٢٨٢٨٢١	٢٨٢٨١٥
٢٨٢٨٢٨	٢٨٢٨١٧	٢٨٢٨٢٣	٢٨٢٨٢٤
٢٨٢٨١٤	٢٨٢٨٢٦	٢٨٢٨٢٣	٢٨٢٨٢١
٢٨٢٨٢٥	٢٨٢٨٢٠	٢٨٢٨١٨	٢٨٢٨٣٠

فصل ۲۔ خواص سورۂ مائدہ اور سورۂ اعراف اور سورۂ انفال و سورۂ توبہ میں۔ جو کوئی سورۂ مائدہ کثیر الفائدہ کو اسی بار پڑھے فقر و فاقہ سے محفوظ رہے اور اگر پانی پر دم کرکے مستسقی کو پلاوے شفا پاوے اگر اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے کبھی محتاج نہ ہوگا غیب سے روزی ملے۔ نقش یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

٧٨٦			
٢١٢١٣٦	٢١٢١٣٥	٢١٢١٢٢	٢١٢١٢٩
٢١٢١٣٢	٢١٢١٣٠	٢١٢١٢٥	٢١٢١٤٠
٢١٢١٣٢	٢١٢١٢٤	٢١٢١٢٤	٢١٢١٣٣
٢١٢١٣٨	٢١٢١٣٣	٢١٢١٣٣	٢١٢١٣٣

خواص سورۂ انعام:۔ جب کوئی حاجت ہو تو واسطے رفع حاجت اور دفع مشکل کے ایک جلسہ میں اکتالیس بار سورۂ انعام پڑھے جس مطلب کیواسطے پڑھے گا حسب دلخواہ مطلب برآری ہوگی اور جو مشکل ہوگی آسان ہوگی۔ جو کوئی سورۂ انعام کو لکھ کر اپنی سواری کے جانور کے گلے میں ڈالے گا وہ جملہ امراض اور جمیع آفات سے بچا رہے گا اور واسطے حصول جاہ اور منصب کے نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

٧٨٦			
٢٣٣٨٣٢	٢٣٣٨٢٥	٢٣٣٨٢٨	٢٣٣٨٢٢
٢٣٣٨٢٤	٢٣٣٨٣٥	٢٣٣٨٣١	٢٣٣٨٢٩
٢٣٣٨٢٦	٢٣٣٨٣٠	٢٣٣٨٢٣	٢٣٣٨٣٠
٢٣٣٨٣٣	٢٣٣٨٣٤	٢٣٣٨٣٤	٢٣٣٨٣٩

خواص سورۂ اعراف:۔ جو کوئی تین بار پڑھے حاکم جابر عطوفت سے پیش آوے اور یہ جملہ آفات سے محفوظ رہے اور نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ امن و امان سے رہے۔ نقش یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

٧٨٦			
١٢١٣٩٤	٦٣٣٠١	٦٣٣٠٨	٦٣٣٩٠
٦٣٣٠٦	٦٣٣٩١	٦٣٣٩٧	٦٣٣٠٢
٦٣٣٩٣	١٣٣٠٢	٦٣٣٩٩	٦٣٣٩٥
٦٣٣٠٠	٦٣٣٩٤	٦٣٣٠٥٥	٦٣٣٠٥

خواص سورۂ انفال:۔ جب کوئی حاجت درپیش ہو تو سات بار سورۂ انفال کو پڑھے حاجت برآوے گی یا جو کوئی ناحق قید ہو جاوے سات بار پڑھے قید سے رہا ہووے اور نقش اس کا واسطے حل مشکلات و رفع جمیع حاجات کے اپنے پاس رکھے جو مشکل پیش آوے گی آسان ہو گی۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶
۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۰۸۴	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۹۰
۱۰۳۰۸۸	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۱
۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۸۰	۱۰۳۱۰

خواص سورۂ توبہ:۔ اس سورہ کو گیارہ بار پڑھے اور حاکم کے سامنے جاوے وہ اس سے نرمی کرے اور اس کا مطیع ہو جاوے اور اگر نقش اس سورہ کا اپنے اسباب میں رکھے اسباب تلف نہ ہو گا اور برکت ہو گی اور اگر اس کے نقش کو گھول کر باغ و زراعت میں پانی دے تو پھول پھل خوب پیدا ہوں گے سوا اس کے اور بھی بہت سے فائدے ہیں۔ احتیاط شرط ہے نقش یہ ہے ......

۷۸۶

۱۲۵۰۹۳	۱۲۵۰۹۷	۱۲۵۹۱۰	۱۲۵۰۸۶
۱۲۵۹۰۶	۱۲۵۰۸۹	۱۲۵۰۹۲	۱۲۵۹۰۴
۱۲۵۰۹۸	۱۲۵۰۹۱۲	۲۹۰۴	۱۲۵۹۰۱
۱۲۵۹۰۵	۱۲۵۹۰۰	۱۲۵۰۹۵	۲۵۹۱۱

خواص سورۂ یونس و سورۂ ہود و سورۂ یوسف و سورۂ رعد و سورۂ ابراہیم و سورۂ حجر و سورۂ نحل میں۔ جو کوئی سورۂ یونس کو اکیس بار پڑھے اپنے دشمنوں پر فتح پاوے۔ اور غالب رہے اور اگر زعفران اور مشک اور گلاب سے لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے آسیب دور ہو گا۔ اور اگر مہم پیش آوے تیرہ بار پڑھے مشکل آسان ہو اور اگر نقش اس سورہ کا اپنے پاس رکھے قہر حاکم وقت اور اعداء کے شر سے محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے...

۷۸۶

۱۳۰۵۳۲	۱۳۰۵۳۰	۱۳۰۵۳۷	۱۳۱۵۱۹
۱۳۰۵۱۲	۱۳۰۵۲۸	۱۳۰۵۲۵	۱۳۰۵۳۱
۱۳۰۵۲۱	۱۳۰۵۲۵	۱۳۰۵۲۸	۱۳۰۵۲۴
۱۳۰۵۲۵	۱۳۰۵۲۳	۱۳۰۵۲۴	۱۳۰۵۳۴

خواص سورۂ ہود:۔ جب کوئی مشکل پیش آوے تیرہ بار سورۂ ہود کو پڑھے جب کوئی دشمنوں سے مغلوب ہو تو ہرن کی جھلی پر اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ دشمنوں پر ظفر یاب ہو گا اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے مشکل آسان ہو گی اور وہ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۶۹۹	۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۸۶
۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۶۹۵
۱۲۸۱۸۹	۱۲۰۰۷۰۲	۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۳
۱۲۰۷۹۱	۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۷۰۶

خواص سورۂ یوسف:۔ اگر کسی حاکم کو کوئی حاجت ہو تو سورۂ یوسف کو تیرہ بار پڑھے حسب دلخواہ کام ہووے اور اگر اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو تو پھر عہدۂ جلیلہ پر مامور ہو گا۔ اگر کوئی شخص مفلس ہو تو اس سورہ کو لکھ کر گھول کر پیئے اور پینے وقت

دعا مانگے تھوڑے دنوں میں غنی ہو جاوے اور نقش اسکا اپنے پاس رکھے۔ ترقی مناصب اور حصول عزت کے لئے مفید ہے۔ نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۱۲۵۹۵۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۵۴
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۹۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۹	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۸۹	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

خواص سورۂ رعد

خواص سورۂ رعد:۔ اگر کوئی لڑکا بہت روتا ہو تو انیس بار پڑھ کر سورۂ رعد دم کیا کرے لڑکا خوش وخرم رہے گا۔ جب کسی ملک کا حاکم جابر اور رعایا کو ناحق ایذا پہونچاتا ہو تو اس سورہ کو کاغذ پر لکھے اور مینھ کے پانی سے دھوکر اسکے گھر میں ڈالے حاکم معزول ہو جائیگا مگر بہتر ہے کہ جب لکھے تو گرج اور کڑک اور پانی برستا ہو تو جلد مؤثر ہوگا۔ اور نقش اس سورہ کا لکھ کر گلے میں ڈالے جس کے گلے میں یہ نقش ہوگا وہ آسیب سے امن وامان میں رہیگا۔ نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۱۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

خواص سورۂ ابراھیم

خواص سورۂ ابراھیم:۔ اگر کوئی شخص سحر سے نامرد ہو جائے تو تین بار ہر روز سورۂ ابراہیم کو پڑھے۔ نامردی دور ہوگی۔ اور مشک وزعفران سے لکھ کر گھول کر پئے تو قوت اصلی زیادہ ہوگی۔ اور اگر کوئی شخص اس سورہ کا نقش سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر لڑکے کے بازو پر باندھے گا تو لڑکا نظر بد سے اور رونے سے محفوظ رہے گا۔ اور دفع ہونے درد چشم اور حصول دولت کے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۶۱۴۵۹	۶۱۴۵۶	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۴	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۸	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

خواص سورۂ حجر

خواص سورۂ حجر:۔ جب کوئی کچھ خریدے یا فروخت کرے تو سورۂ حجر پڑھ کر دم کرے اسمیں برکت ہوگی۔ جو کوئی اس سورہ کو زعفران سے لکھے گا اور مریضہ کو پلاوے گا۔ دودھ بکثرت ہوگا اور اگر نقش لکھ کر اپنے مال ومتاع میں رکھدے چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔ ۔۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۵۸۹۰۷	۵۸۸۹۹	۵۸۹۰۶
۵۸۹۰۵	۵۸۹۰۳	۵۸۹۰۱
۵۸۹۰۰	۵۸۹۰۷	۵۸۹۰۲

خواص سورۂ نحل

خواص سورۂ نحل:۔ اگر کسی شخص کو دشمنوں اور ظالموں سے ہلاکت کا خوف ہو

تو سورۂ نحل کو ایک جلسہ میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایکسو آٹھ بار پڑھیں دشمن اسکا مطیع ہوگا یا آوارہ و پریشان خوار ہو جاویگا۔ اور اگر نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا دشمن قابو نہ پاوے اور سرنگوں رہے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶		
۱۷۳۳۹۷	۱۷۳۳۹۲	۱۷۳۳۹۹
۱۷۳۳۹۸	۱۷۳۳۹۹	۱۷۳۳۹۶
۱۷۳۲۹۳	۱۷۳۳۴۰۰	۱۷۳۳۹۵

فصل ۳۔ خواص سورۂ بنی اسرائیل و سورۂ کہف و سورۂ مریم و سورۂ طٰہٰ و سورۂ انبیاء و سورۂ حج و سورۂ مومنون و سورۂ فرقان میں:۔

جب کوئی حاجت پیش آوے سات بار سورۂ بنی اسرائیل پڑھے اگر لڑکا کند ذہن ہو یا توتلا ہو مشک و زعفران سے لکھ کر گھول کر پلاوے۔ ذہین اور فصیح اللسان ہو اور واسطے زبان بندی حاسدوں کے اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے۔

۷۸۶			
۶۱۳۵۳	۶۱۳۵۷	۶۱۳۵۷	۶۱۳۴۷
۶۱۳۵۴	۶۱۳۴۸	۶۱۳۵۳	۶۱۳۵۸
۶۱۳۴۹	۶۱۳۶۲	۶۱۳۵۵	۶۱۳۵۲
۶۱۳۵۹	۶۱۳۵۱	۶۱۳۶۱	۶۱۳۶۱

خواص سورۂ کہف:۔ اگر کوئی شخص قرضداری میں مبتلا ہو اور ادائے قرض کی کوئی صورت نہ ہو تو چاہیے کہ بعد نماز جمعہ کے تین بار سورۂ کہف پڑھے اللہ تعالیٰ بار قرضہ سے سبکدوش کرے گا اور اگر اس سورہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے بلیات سے محفوظ رہے اور زبان دشمن کی بدگوئی سے بند ہو جاوے گی نقش یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶			
۱۳۶۳۷۹	۱۳۶۳۸۲	۱۳۶۳۵۸	۱۳۶۳۷۱
۱۳۶۳۸۹	۱۳۶۳۷۴	۱۳۶۳۷۸	۱۳۶۳۸۳
۱۳۷۳۷۳	۱۳۶۳۷۶	۱۳۶۳۸۰	۱۳۶۳۷۷
۱۳۶۳۸۱	۱۳۶۳۷۶	۱۳۶۳۷۸	۱۳۶۳۸۶

خواص سورۂ مریم:۔ جو کوئی سورۂ مریم کو سات بار پڑھے غنی ہو جائے۔ مراد بستہ تین بار پڑھے کشادہ ہو جائے۔ اگر کسی کا باغ ویران ہو گیا ہو لکھ کر درختوں میں پانی دے۔ درخت خوب پھولیں اور پھلیں گے۔ اور جو کوئی اس سورہ کو لکھے گھول کر پیئے۔ جمیع آفات سے محفوظ رہے اور نقش واسطے حصول غنا کے مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶		
۹۶۵۳۹	۹۶۹۴۴	۹۶۵۵۱
۹۶۵۵۳	۱۲۶۵۳۸	۹۶۵۳۹
۹۶۵۳۵	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۷

۷۸۶			
۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۳	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۳
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۸
۹۹۸۲۳	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

خواص سورۂ طٰہٰ:۔ جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو اکیس بار پڑھے یا سبز ریشمی کپڑے پر لکھ کر گلے میں ڈالے۔ شادی مرد صالح سے ہو جاوے گی۔ اولاد نیک پیدا ہوگی۔ اور جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے سحر سے بچا رہے۔ نقش یہ ہے......

۷۸۶

۹۵۵۵۲	۹۵۵۵۷	۹۵۵۶۱	۹۵۵۴۷
۹۵۵۶۰	۹۵۵۴۳	۹۵۵۵۳	۹۵۵۵۲
۹۵۵۴۹	۹۵۵۴۸	۹۵۵۵۵	۹۵۵۵۳
۹۵۵۵۷	۹۵۵۵۱	۹۵۵۵۰	۹۵۵۵۶

خواص سورۂ انبیاء:۔ اگر کوئی غمگین پریشان حال ہو تو سورۃ انبیاء کو تین بار ہر روز پڑھے۔ کوئی غم باقی نہ رہے۔ دل شاد اور قلب نور ایمان سے منور ہو اور نقش واسطے مقہوری اعدا کے لکھ کر اپنے پاس رکھے بہ برکت اس نقش کے دشمن پر غالب رہے۔ نقش یہ ہے......

خواص سورۂ حج:۔ جب کشتی پر سوار ہو تو سورۂ حج کو تین بار پڑھے۔ کشتی ساحل مقصود پر پہونچے۔ سلامتی جان اور مال رہے۔ اور نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جمیع آفات سے محفوظ رہے۔ نقش یہ ہے۔.........

۷۸۶

۱۱۷۴۳۹	۱۲۷۴۴۴	۱۲۷۴۵۱
۱۱۷۲۳۰	۱۱۷۴۳۸	۱۲۴۴۱
۱۲۷۴۴۵	۱۲۷۴۵۲	۱۲۷۴۴۷

خواص سورۂ مؤمنون:۔ واسطے کاہلی نماز اور دُور ہونے عادات فسق و فجور کے اس سورہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جس شخص کو شراب پینے کی عادت ہو تو اس سورہ کو سفید کپڑے پر لکھ کر اسکے گلے میں ڈالے شراب پینا چھوڑ دے گا۔ اور واسطے دفع ہونے افلاس کے نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے.........

۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۳۴	۱۱۷۲۳۱
۱۱۷۲۳۰	۱۱۷۲۳۸	۱۱۷۲۳۶
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۳۲	۱۱۷۲۳۷

خواص سورۂ نور:۔ اگر احتلام کثرت سے ہو تین بار سورہ نور پڑھ کر دم کرے اور زبان بندی اعداء کیواسطے پانچ بار پڑھے اور اگر نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وسواس شیطانی سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے۔.........

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۵۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۳	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۲
۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

خواص سورۂ فرقان:۔ اگر کسی کو ظالم نے ناحق ستایا ہو اور اس کے ظلم سے تنگ آیا ہو تو ایک سو آٹھ مرتبہ سورۂ فرقان پڑھے ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے اور ظالم پریشان و تباہ ہو جائے گا جس شخص کے گلے میں یہ سورہ ہوگی سانپ اور بچھو وغیرہ کے کاٹنے سے محفوظ رہیگا اور نقش اسکا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۵۲۳۹۳	۵۲۳۹۲	۵۲۴۰۰	۵۲۳۸۶
۵۲۳۹۹	۵۲۳۸۷	۵۲۳۹۴	۵۲۳۹۷
۵۲۳۸۸	۵۲۴۰۲	۵۲۳۹۴	۵۲۳۹۱
۵۲۳۶۴	۵۲۳۹۰	۵۲۳۸۹	۵۲۴۰۱

فصل ۵۔ خواص سورۂ شعراء اور سورۂ نحل اور سورۂ قصص و سورۂ عنکبوت و سورۂ روم و سورۂ لقمان و سورہ سجدہ و سورۂ احزاب و سورۂ سبا و سورۂ فاطر و سورۂ یٰسین میں۔ اگر کسی کا غلام یا لونڈی یا فرزند سرکش ہو اور بھاگتا ہو تو سورۂ شعراء کو سات بار باوضو پڑھے وہ مطیع اور منقاد ہونگے اور اگر نقش کو لکھ کر غلام کے گلے میں ڈالے وہ مطیع ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۱۰۰۹۳۴	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۲۷
۱۰۰۹۳۹	۱۰۰۹۳۸	۱۰۰۹۳۲	۱۰۰۹۲۹
۱۰۰۹۲۵	۱۰۰۹۳۴	۱۰۰۹۳۵	۱۰۰۹۳۶
۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۳۱

خواص سورۂ نحل:۔ جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے تو سورۂ نحل کو ایک بار ہر روز ایک ہفتہ تک پڑھے حاجت برآوے جو کوئی اس کو ہرن کی جھلی پر لکھے اور صندوق پر رکھے وہ سانپ و بچھو و دیگر جانوروں کے گزند سے بچا رہیگا۔ نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۱۱۳۶۵۵	۱۱۳۶۵۰	۱۱۳۶۵۷
۱۱۳۶۵۶	۱۱۳۶۵۴	۱۱۳۶۵۲
۱۱۳۶۵۱	۱۱۳۶۵۸	۱۱۳۶۵۳

خواص سورۂ قصص:۔ جو کوئی بیمار کو تین روز سورۂ قصص پانی پر دم کرکے پلاوے شفا پاوے اگر کوئی شخص غائب یا کسی کی پیٹھ میں درد ہو استسقاء یا جذام اس سورہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے غائب حاضر ہو اور بیماری دور ہو۔ نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۱۰۱۷۷۹	۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۱	۱۰۱۷۷۲
۱۰۱۷۸۵	۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۴
۱۰۱۷۷۳	۱۰۱۷۷۸	۱۰۱۷۸۱	۱۰۱۷۷۷
۱۰۱۷۸۲	۱۰۱۷۷۲	۱۰۱۷۷۴	۱۰۱۷۸۷

خواص سورۂ عنکبوت:۔ واسطے دفع ہونے غم کے سورۂ عنکبوت سات بار پڑھے اور اگر کسی کو ڈر آتا ہو مشک و زعفران سے لکھ کر پیئے اور نقش اسکا لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۸۸۲۴	۶۸۸۲۷	۶۸۸۳۸	۶۸۸۱۶
۶۸۸۲۹	۶۸۸۱۷	۶۸۸۲۳	۶۸۸۲۸
۶۸۸۱۸	۶۸۸۳۳	۶۸۸۲۵	۶۸۸۲۳
۶۸۸۲۶	۶۸۸۲۱	۶۸۸۱۹	۶۸۸۳۱

خواص سورۂ روم :- واسطے دفع ہونے شرائط کے سورۂ روم اکیس[۲۱] بار پڑھے دشمن پر فتح پائے اور دشمن ہمیشہ سرنگوں رہے اگر چاہے تو سورۂ مذکور کو بھر شیشے میں رکھ کر منھ اس کا خوب بند کر دے اور اپنے پاس رکھے دشمن اسکا ذلیل و خوار رہے اگر واسطے موافقت ناکح و منکوحہ بھی عمل کریگا۔ مؤثر ہوگا اور اس کا نقش اپنے پاس رکھے گا ہمیشہ اعداء پر فتحیاب رہے گا۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۶۷۴۹۳	۶۷۴۹۷	۶۷۵۰۰	۶۷۴۸۶
۶۷۴۹۹	۶۷۰۸۷	۶۷۴۶۳	۶۷۴۹۸
۶۷۴۸۸	۶۷۵۰۳	۶۷۴۶۵	۶۷۶۹۳
۶۷۳۱۲	۶۷۴۹۱	۶۷۴۸۹	۶۷۵۰۳

خواص سورۂ لقمان :- واسطے ہر بیماری کے سورۂ لقمان پڑھے بیمار اچھا ہو جائے قاضی عیاض نے مدارک میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھا کریگا دریا میں غرق نہ ہوگا۔ اگر کسی کے شکم میں درد ہو نقش سورۂ لقمان لکھ کر پیٹ پر باندھے نقش یہ ہے .....

۷۸۶

۵۳۰۰۱	۵۳۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۳۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۳۹۹۱	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

خواص سورۂ سجدہ :- سات بار سورۂ سجدہ کو پڑھ کر بیمار کو دم کرے یا مشک و زعفران سے لکھ کر پلاوے۔ بیمار اچھا ہو جاوے اگر کسی کو جذام یا دق ہو اس سورہ کا نقش اپنے پاس رکھے باذن اللہ تعالےٰ شفا پاوے۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۵
۲۸۳۴۰	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۳۷	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۸	۲۸۳۴۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۳۹	۲۸۳۴۰	۲۸۳۴۰

خواص سورۂ احزاب :- اگر کوئی شخص اسپر ظلم کرتا ہو سورۂ احزاب کو سات بار پڑھے اسکے ظلم سے نجات ملے گی اور دشمن اسکا مطیع ہو جائیگا۔ اور اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس کے بازو میں باندھے۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۲۸۸۱۳	۲۸۸۱۷	۲۸۸۲۰	۲۸۸۲۴
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۳۰	۸۸۸۱۷	۸۸۸۱۳
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

خواص سورۂ سبا :- واسطے تدبیر ظالم کے سات بار سورۂ سبا پڑھے جو کوئی اس سورہ کو کاغذ پر لکھ کر سفید کپڑے پر باندھ کر اپنے بازو پر باندھے موذی جانوروں کے گزند سے بچا رہیگا اور واسطے دفع بلیات کے نقش سورۂ سبا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۸۳۳۷۳	۸۳۳۳۶	۸۳۳۶۹
۸۳۳۷۷	۸۳۳۷۳	۸۳۱۵۷۱
۸۳۳۷۰	۸۳۳۷۷	۸۳۳۷۲

خواص سورۂ فاطر:- اگر کسی قسم کی حاکم سے حاجت ہو تو سورۂ فاطر کو بہتر بار پڑھے جو عرضی گذارنا منظور ہو قلم بغیر سیاہی سے عرضی پر سورۂ فاطر اور اپنا مطلب عرضی میں لکھے جو لکھے گا مطلب برآری ہوگی اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے مطلب دلی برآویگا۔ نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۷۸۶			
۶۰۲۹۲	۶۰۶۹۹	۶۰۶۹۶	۶۰۰۱۸۵
۶۰۶۹۸	۶۰۶۸۶	۶۰۶۹۲	۶۰۶۹۷
۶۰۶۸۷	۶۰۶۸۹	۶۰۶۹۳	۶۰۶۹۱
۶۰۶۹۵	۶۰۹۹۰	۶۰۶۸۰	۶۰۷۰۰

خواص سورۂ یٰسٓ:- دار التنظیم میں لکھا ہے کہ انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر شئے کیلئے قلب ہے اور قلب قرآن کا یٰسین ہے اسکے خواص اور منافع بے شمار ہیں جس حاجت کیلئے پڑھے حاجت برآوے اگر زن عقیمہ پڑھے اولاد نرینہ جنے۔ اگر محتاج پڑھے غنی ہو جاوے اور سحور پر دم کرے سحر دور ہو۔ آسیب والے پر دم کرے آسیب بھاگے اگر اس نقش کو سونے کی تختی پر شرف شمس میں کندہ کرا کے پہنے جو حاجت ہوگی روا ہوگی۔ اور کبھی محتاج نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۷۸۶					
۳۲۳	۳۵۲	۳۴۰	۳۵۱	۳۳۶	۳۳۹
۳۲۲	۳۲۸	۳۴۵	۳۳۳	۳۲۵	۳۴۷
۳۲۰	۳۳۰	۳۳۳	۳۴۱	۳۳۱	۳۳۷
۳۴۱	۳۳۵	۳۲۹	۳۴۰	۳۳۲	۳۳۳
۳۳۲	۳۳۶	۳۳۶	۳۲۹	۳۳۳	۳۲۷
۳۵۲	۳۲۲	۳۵۵	۳۱۹	۳۲۱	۳۳۹

فصل ۶۔ خواص سورۂ والصّٰفّٰت وسورۂ صٓ وسورۂ زمر وسورۂ مؤمن وسورہ حٰمٓ سجدہ وسورۂ شوریٰ وسورۂ زخرف وسورۂ دخان وسورۂ جاثیہ وسورۂ احقاف وسورۂ محمد وسورۂ فتح وسورۂ حجرات میں:- جو کوئی سورۂ والصّٰفّٰت کو سات بار پڑھے جو مطلب ہو برآوے۔ دار التنظیم میں لکھا ہے کہ جس گھر میں جن ہو اس سورہ کو لکھ کر صندوق میں بند کر کے رکھ دے جن کے آزار سے بچا رہیگا۔ اور اگر اسکے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے روزی میں برکت ہو۔ نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۷۸۶			
۶۶۱۸۸	۶۶۱۹۱	۶۶۱۹۳	۶۶۱۸۱
۶۶۱۸۳	۶۶۱۸۲	۶۶۱۸۶	۶۶۱۹۲
۶۶۱۸۳	۶۶۱۹۲	۶۶۱۹۰	۶۶۱۸۶
۶۶۱۹۰	۶۶۱۸۵	۶۶۱۸۳	۶۶۱۹۵

خواص سورۂ صٓ:- واسطے دفع ہونے نظر بد کے سورۂ صٓ سات بار پڑھ کر دم کرے۔ یا نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے نظر بد سے محفوظ رہے نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۷۸۶			
۵۷۳۳۴	۵۷۳۴۰	۵۷۳۴۰	۵۷۳۳۶
۵۷۳۳۹	۵۷۳۳۶	۵۷۳۳۳	۵۷۳۳۸
۵۷۳۳۸	۵۷۳۳۴	۵۷۳۳۵	۵۷۳۳۲
۵۷۳۳۹	۵۷۳۳۷	۵۷۳۳۹	۵۷۳۳۱

خواص سورۂ زمر:۔ جو کوئی چاہے کہ عزت اور جاہ حاصل ہو ہر روز سات بار سورۂ زمر کو پڑھے یا چاہے اپنے بازو پر باندھے برکت اسکے مال میں ہو اور نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے ......

	۷۸۶	
۱۰۲۱۵	۱۰۲۱۹۱	۱۰۲۱۹۸
۱۰۲۹۹۷	۱۰۱۱۹۵	۱۰۲۱۹۳
۱۰۲۱۹۳	۱۰۲۰۹۹	۱۰۲۱۹۴

خواص سورۂ مؤمن:۔ جس شخص کو پھوڑے نکلتے ہوں یا کوئی اور بیماری ہو تو سورۂ مومن ایک بار ہر روز پڑھ کر دم کیا کرے اگر اس سورہ کو لکھ کر دوکان پر لگادے۔ خریدار غیب سے آوے اور مال بہت بکے اور واسطے دفع ہونے شر اعدا کے نقش سورۂ مومن کا اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے ......

	۷۸۶		
۹۲۱۳۰	۹۲۱۳۳	۹۲۱۳۳	۹۲۱۳۳
۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۳	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۲۳۲	۹۲۱۳۸
۹۲۱۲۳	۹۲۱۲۷	۹۲۱۲۶	۹۲۱۳۸

خواص سورۂ حٰمٓ سجدہ:۔ جس پر حاکم کی خفگی ہو وہ اس سورہ کو صبح و شام میں دس بار پڑھا کرے حاکم بہت مہربان ہوگا جس شخص کی آنکھ میں کوئی عارضہ ہو لکھ کے دھو کر اسکا پانی آنکھ میں لگاوے یا اسکے پانی میں سرمہ پیس کر لگاوے اور شفا پاوے اور اس سورہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ حاکم خوش رہے۔ نقش یہ ہے ....

	۷۸۶		
۶۱۴۵۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۱
۶۱۴۶۴	۶۱۴۵۲	۶۱۴۵۸	۶۱۴۶۳
۶۱۴۴۵	۶۱۴۶۷	۶۱۴۶۵	۶۱۴۷۷
۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۴	۶۱۴۶۶

خواص سورۂ شوریٰ:۔ جو کوئی حم عسق کو ایک بار ہر روز پڑھا کرے دشمنوں پر غالب رہے اگر کوئی شخص لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا اور نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے حاکم کے قہر سے محفوظ رہے نقش یہ ہے۔......

	۷۸۶	
۶۷۱۱۴	۶۷۱۰۹	۶۷۱۱۶
۶۷۱۱۵	۶۷۱۱۳	۶۷۱۱۱
۶۷۱۱۰	۶۷۱۱۷	۶۷۱۱۳

خواص سورۂ زخرف:۔ جو کوئی سورۂ زخرف کو سات بار پڑھے جملہ مہمات روا ہوں اگر اس سورہ کو لکھ کر بیمار کو پلاوے گا جلد شفا پاوے گا اور نقش سورۂ زخرف کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے ....

	۷۸۶	
۸۶۹۰۰	۸۶۸۹۵	۶۶۹۰۲
۸۶۹۰۱	۶۶۸۹۹	۸۶۸۹۷
۸۶۸۹۰	۸۶۹۰۳	۸۶۸۶۸

خواص سورۂ دخان:۔ جب کوئی مشکل پیش آوے سات بار سورۂ دخان پڑھے اور گیارہ

گیارہ بار اوّل و آخر درود شریف پڑھے جس شخص کو پیچش کا عارضہ ہو اس سورت کو لکھ کر گھول کر پیئے صحت پاوے۔ اور اگر نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے مراد دلی بر آوے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶			
۲۴۴۳۸	۲۴۴۵۱	۲۴۴۵۴	۲۴۴۴۰
۲۴۴۵۳	۲۴۴۴۱	۲۴۴۴۷	۲۴۴۳۹۲
۲۴۴۴۲	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۶	۲۴۴۴۲
۲۴۴۵۷	۲۴۴۴۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۵۵

خواص سورۂ جاثیہ:۔ میں جب کوئی سکرات میں مبتلا ہووے تو سورۂ جاثیہ پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ سکرات سے نجات دیگا اور خاتمہ بخیر ہوگا اگر اس سورہ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالیگا لڑکا جمیع آفات سے بچا رہے گا۔ اگر نقش اسکا لکھ کر اپنے پاس رکھے بدگو کی بدگوئی سے نجات ملے۔ نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶		
۵۰۰۵۲	۵۰۰۴۰	۵۰۰۵۴
۵۰۰۵۳	۵۰۰۵۱	۵۰۰۴۹
۵۰۰۴۸	۵۰۰۵	۵۰۰۵۰

خواص سورۂ احقاف:۔ جب کسی کو دیو یا پری ستاوے تو سورۂ احقاف سات بار پانی پر دم کرکے پلاوے۔ یا لکھ کر گلے میں ڈالے اور اگر باطہارت اس سورہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے بھوت پریت سے بچا رہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶			
۱۸۴۴۳	۱۸۴۴۷	۱۸۴۴۹	۱۸۴۴۴
۱۸۴۴۸	۱۸۴۴۷	۱۸۴۴۳	۱۸۴۴۷
۱۸۴۴۸	۱۸۴۵۱	۱۸۴۴۴	۱۸۴۴۱
۱۸۴۴۵	۱۸۴۴۰	۱۸۴۴۹	۱۸۴۵۰

۷۸۶			
۴۵۱۶۳	۴۵۱۶۶	۴۵۱۷۰	۴۵۵۶۰
۴۵۱۶۹	۴۵۱۵۷	۴۵۱۶۲	۴۵۱۶۷
۴۵۱۵۸	۴۵۱۰۳	۴۵۱۶۴	۴۵۱۶۱
۴۵۱۶۵	۴۵۱۶۰	۴۵۱۵۶	۴۵۱۷۱

خواص سورۂ محمدؐ:۔ جو کوئی سورۂ محمد علیہ السلام کو مشک و زعفران و آب زمزم سے لکھ کر پیئے رفعت و جاہ حاصل ہووے اور اگر بیمار پیئے صحت پاوے اور اسکا نقش لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے دشمنوں پر فتح پاوے نقش یہ ہے۔

۷۸۶			
۳۷۲۰۶	۳۷۱۲۰	۳۷۲۱۳	۳۷۲۹۹
۳۷۲۱۲	۳۷۲۰۰	۳۷۲۰۵	۳۷۲۱۱
۳۷۲۰۱	۳۷۲۱۵	۳۷۲۰۸	۳۷۲۰۳
۳۷۲۰۹	۳۷۲۰۰	۳۷۲۰۲	۳۷۲۶۳

خواص سورۂ فتح:۔ جو کوئی سورۂ فتح کو اکتالیس بار پڑھے لڑائی میں غنیم پر فتح پاوے۔ نصرت کا ڈنکا بجے۔ جب رمضان کا چاند دیکھے اس سورہ کو تین بار مقابل چاند کے کھڑے ہو کر پڑھے سال بھر امن و امان سے رہے اور جو کوئی اسکے نقش کو لکھے اور اپنے پاس رکھے حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶			
۲۵۷۲۲	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۹	۲۵۷۱۵
۲۵۷۲۸	۲۵۷۱۶	۲۵۲۲۱	۲۵۷۲۷
۲۵۷۱۷	۲۵۷۳۱	۲۵۷۲۳	۲۵۷۲۰
۲۵۷۲۵	۲۵۷۱۵	۲۵۷۱۹	۲۵۷۳۰

خواص سورۂ حجرات:۔ واسطے دفع ہونے ہر بیماری کے اس سورہ کو دس مرتبہ پڑھے اگر اس سورہ کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالے بچہ صحت وتندرستی سے پیدا ہو۔ اگر کسی مرضعہ کے دودھ کم ہو لکھ کر مریضہ کو پلا دے اور گلے میں ڈالے بیمار شفا پاوے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۲۵۸۲۲	۲۵۸۲۶	۲۵۸۲۹	۲۵۸۱۵
۲۵۸۲۸	۲۵۸۱۶	۲۵۸۲۱	۲۵۸۲۴
۲۵۸۱۷	۲۵۸۱۳	۲۵۸۲۴	۲۵۸۲۰
۲۵۸۲۵	۲۵۸۱۵	۲۵۸۱۹	۲۵۸۳۰

فصل ۷۔ خواص سورۂ ق وسورۂ ذاریات وسورۂ نجم وسورۂ قمر وسورۂ رحمٰن وسورۂ واقعہ وسورۂ حدید وسورۂ مجادلہ وسورۂ حشر وسورۂ ممتحنہ وسورۂ صف وسورۂ جمعہ وسورۂ منافقون وسورۂ التغابن وسورۂ طلاق وسورۂ تحریم وسورۂ ملک وسورۂ نون وسورۂ حاقہ وسورۂ معارج وسورۂ نوح وسورۂ جن وسورۂ مزمل وسورۂ مدثر وسورۂ قیامت وسورۂ دہر وسورۂ مراسلات وسورۂ انبا وسورۂ النازعات وسورۂ عبس وتکویر وسورۂ انفطار وسورۂ تطفیف وسورۂ انشقاق وسورۂ برج وسورۂ طارق وسورۂ اعلیٰ وسورۂ غاشیہ وسورۂ فجر وسورۂ بلد وسورۂ شمس وسورۂ واللیل وسورۂ والضحیٰ وسورۂ الم نشرح وسورۂ والتین وسورۂ علق وسورۂ قدر وسورۂ بینہ وسورۂ زلزال وسورۂ العادیات وسورۂ القارعہ وسورۂ تکاثر وسورۂ العصر وسورۂ ہمزہ وسورۂ الفیل وسورۂ قریش وسورۂ ماعون وسورۂ کوثر وسورۂ کافرون وسورۂ نصر وسورۂ تبت یدا وسورۂ اخلاص وسورۂ فلق وسورۂ ناس میں:۔ جو کوئی سورۂ ق کو تین بار پڑھ کر دم کرے روشنی چشم زائد ہو۔ جو کوئی اس سورہ کو لکھے اور مینہ کے پانی سے دھو کر پیئے درد شکم دُور ہو اور جس لڑکے کے دانت مشکل سے نکلتے ہوں اسکو پلاوے بہ آسانی نکلیں گے اور اگر تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن مغلوب رہے نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۲۷۴۴۳	۲۷۴۳۷	۲۷۴۳۰	۲۷۴۴۶
۲۷۴۳۹	۲۷۴۴۷	۲۷۴۳۳	۲۷۴۳۸
۲۷۴۴۰	۲۷۴۴۲	۲۷۴۳۵	۲۷۴۴۱
۲۷۴۳۴	۲۷۴۳۰	۲۷۴۳۶	۲۷۴۳۱

خواص سورۂ ذاریات:۔ جو کوئی بچھتر بار پڑھے دولت بیشمار اور نعمت بےقیاس پائے اگر کسی شہر میں قحط ہو ستر بار پڑھے قحط دفع ہو اور اگر اس سورہ کو عورت جننے وقت پڑھے لڑکا بہ آسانی پیدا ہو اور اگر نقش اسکا لکھ کر اپنے پاس رکھے تکلیف فاقہ کی نہ اٹھائے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶

۳۹۸۴۹	۳۹۸۴۴	۳۹۸۵۱
۳۹۸۵۰	۳۹۸۴۸	۳۹۸۴۶
۳۹۸۴۵	۳۹۸۵۲	۳۹۸۴۷

خواص سورۂ طور:۔ اگر کسی کو عارضہ جذام کا ہووے سورۂ طور کو پڑھے صحت ہو گی اگر مسافر پڑھے جمیع بلیات سے محفوظ رہیگا اور اگر یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے واسطے غنا کے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۵۴۵	۲۳۵۵۱	۲۳۵۵۶	۲۳۵۳۸
۲۳۵۵۱	۲۳۵۳۹	۲۳۵۴۴	۲۳۵۴۴
۲۳۵۴۰	۲۳۵۵۷	۲۳۵۴۶	۲۳۵۴۳
۲۳۵۴۰	۲۳۵۴۳	۲۳۵۴۹	۲۳۵۴۳

خواص سورۂ نجم:۔ اگر کوئی حاجت ہو تو سورۂ نجم کو اکیس ۲۱ بار پڑھے۔ حاجت بر آوے گی اگر اس سورہ کو پڑھا وے دشمنوں پر فتح پاوے اور جو کوئی اسکا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے کوئی مشکل پیش نہ آوے۔ اور اگر پیش آوے گی تو بہت جلد آسان ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۵۹۴	۲۸۵۹۶	۲۸۵۹۹	۲۸۵۸۶
۲۸۵۹۸	۲۸۵۸۷	۲۸۵۹۳	۲۸۵۹۷
۲۸۵۸۸	۲۸۶۰۱	۲۸۵۹۳	۲۸۵۹۱
۲۸۵۹۵	۲۸۵۹۰	۲۸۵۸۹	۲۸۵۶۰

خواص سورۂ قمر:۔ شب جمعہ کو جو کوئی سورۂ قمر پڑھے دشمن پر غالب ہو اور مرادیں حاصل ہوں اگر لکھ کر اپنی ٹوپی یا کپڑے میں رکھے۔ مشکلیں آسان ہونگی اور نقش اس کا بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے.....

۷۸۶

۳۰۱۱۴	۳۰۱۱۵	۳۰۱۱۸	۳۰۱۰۵
۳۰۱۱۷	۳۰۱۰۶	۳۰۱۱۱	۳۰۱۱۲
۳۰۱۰۷	۳۰۱۲۰	۳۰۱۱۳	۳۰۱۱۰
۳۰۱۱۴	۳۰۱۱۴	۳۰۱۰۸	۳۰۱۱۹

خواص سورۂ رحمٰن:۔ جب کوئی شخص سورۂ رحمٰن کو گیارہ بار پڑھے جملہ مطالب دلی اس کے حاصل ہوں اگر کسی کو طحال ہو تو اس سورت کو لکھ کر دھو کر پیئے۔ طحال دُور ہو اگر لکھ کر پانی سے دھو کر گھر کی دیواروں پر چھڑکے جانور موذی بھاگ جائیں اور نقش اس کا واسطے بر آمد حاجات کے لکھ کر گلے میں ڈالے نقش یہ ہے..........

۷۸۶

۳۰۳۰۸	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۹	۳۰۳۹۶
۳۰۳۰۳	۳۰۳۹۷	۳۰۳۰۳	۳۰۳۰۲
۳۰۳۰۰	۳۰۳۱۱	۳۰۳۰۲	۳۰۳۰۱
۳۰۳۰۵	۳۰۳۰۰	۳۰۳۹۵	۳۰۳۰۱

خواص سورۂ واقعہ:۔ اگر کوئی شخص اس سورہ کو اکتالیس ۴۱ بار پڑھے تکلیف فاقہ کشی کی نہ اُٹھائے۔ بعض صالحین نے کہا ہے کہ واسطے حصول غنا کے اس سورہ کا اس طرح عمل کرے کہ روز جمعہ سے سات روز تک متواتر بعد ہر فریضہ کے پچیس بار سورہ کو پڑھے جب شب جمعہ آوے تو اس سورت کو بعد نماز مغرب کے پچیس بار پڑھے پھر بعد نماز عشا کے پچیس مرتبہ پڑھے بعد سو بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر

درود بھیجے بعد اسکے ہر روز صبح ایک بار اور شام ایک بار بعد نماز کے پڑھا کرے جس مطلب کیواسطے پڑھے وہ بر آوے اور اگر نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے کسی کا محتاج نہ ہو نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۴
۲۵۷۳۹	۲۵۷۳۲	۲۵۷۳۰	۲۵۷۲۵
۲۵۷۲۵	۲۵۷۳۳	۲۵۷۴۲	۲۵۷۲۹
۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۸	۲۵۷۲۹	۲۵۷۴۰

خواص سورۂ حدید:۔ جو کوئی بیمار ہو یا دشمن کے ہاتھ سے تنگ ہو سات بار سورۂ حدید پڑھے اگر لکھ کر اپنے پاس رکھیگا تلوار وغیرہ کے زخم سے محفوظ رہیگا اور نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے دشمن دوست ہو جاوے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۶۳۰۹	۶۶۳۰۴	۶۶۳۱۱
۶۶۳۱۰	۶۶۳۰۸	۶۶۳۰۶
۶۶۳۰۵	۶۶۳۱۲	۶۶۳۰۷

خواص سورۂ مجادلہ:۔ اگر کسی دو قوموں میں لڑائی ہو تو تین بار سورۂ مجادلہ پڑھی جاوے مخاصمت دور ہو جاوے اور نقش اس سورہ کا لکھ کر اپنے بازو پر باندھے جنگ میں امن سے رہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۵۹	۸۵۶۲	۸۵۶۵	۸۵۵۱
۸۵۶۴	۸۵۵۲	۸۵۵۸	۸۵۶۳
۸۵۵۳	۸۵۶۷	۸۵۶۰	۸۵۵۷
۸۵۶۱	۸۵۵۶	۸۵۵۵	۸۵۶۶

خواص سورۂ حشر:۔ اگر کوئی حاجت ہو چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایکبار سورۂ حشر پڑھے حاجت بر آویگی جسکو بہت نسیان ہو اس سورہ کو چینی کی رکابی میں لکھ کر مینھ کے پانی سے دھو کر پیئے نسیان دور ہو گا عقل زیادہ ہو گی اور اگر نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو نگر ہو جاوے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۱	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

خواص سورۂ ممتحنہ:۔ جب کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو سورۂ ممتحنہ پانچ بار پڑھی جاوے تو اسکا نکاح کسی نیک بخت مرد سے ہو گا اگر کسی کو طحال ہو تین روز تک چینی کی رکابی پر لکھ کر پیئے طحال دور ہو گا۔ یا اس کا نقش لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۷۶۳	۲۴۷۶۸	۲۴۷۷۱	۲۵۳۳۰
۲۴۷۷۰	۲۴۷۵۸	۲۴۷۶۴	۲۵۳۳۱
۲۴۷۵۹	۲۴۷۷۳	۲۴۷۶۶	۲۵۳۲۵
۲۴۷۶۷	۲۴۷۶۱	۲۴۷۶۰	۲۵۳۴۴

۱۴۷۳۶	۱۴۷۶۸	۱۴۷۷۱	۱۴۷۷
۱۴۷۷۰	۱۴۷۵۸	۱۴۷۶۳	۱۴۷۱۹
۱۴۷۵۹	۱۴۷۷۳	۱۴۷۶۲	۱۴۷۷۲
۱۴۷۶۰	۱۴۷۶۱	۱۴۷۶۰	۱۴۷۷۷

خواص سورۂ صف:۔ اگر کسی شخص کا لڑکا ناخلف ہو اور اپنے والدین کی اطاعت نہ کرتا ہو تین بار سورۂ صف پڑھ کر اسپر دم کرے اور اگر مسافر اس کو پڑھے امن و امان سے اپنے گھر آوے اور اگر نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے اسکے گھر والے اسکی

اطاعت کریں اور روزی فراخ ہو۔

